*This Question Paper contains 12 printed pages.*

*(Section - A, B, C & D)*

Sl.No. 000953

**05(U)**

**(July 2022)**

---

***Maximum Marks : 80]*** ***[Time : 3 Hours***

## ہدایات :

1) واضح صاف لکھاوٹ میں لکھیں۔

2) اس سوالیہ پرچے میں A, B, C & D چار سیکشن اور سوالیہ نمبر 1 سے 56 ہیں۔

3) تمام سوالات لازمی ہیں۔صرف داخلی اختیارات ہیں۔

4) بائیں جانب کی تعداد سوال کے نشانات کی نمائندگی کرتے ہیں۔

5) کُل چار حصّوں کے نمبر (مارکس) 80 ہیں۔ ہر حصّہ 20 نمبر (مارکس) کا ہے۔

6) جہاں بھی ضروری ہو صاف خاکہ اُتاریئے۔

7) جوابیہ پرچے میں نیا سیکشن نئے صفحے سے لکھے جائیں۔اور جوابات کو عددی ترتیب میں لکھیں۔

---

## SECTION - A

## حِصّہ - الف (نثر)

سوال 1۔ (الف) مناسب جوڑیاں بنائیے۔ [4]

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| 1. نیا قانون | (A) ڈرامہ |
| 2. بھیک | (B) سرسیّداحمد خاں |
| 3. آزمائش | (C) سعادت حسن منٹو |
| 4. عورتوں کے حقوق | (D) حیات اللہ انصاری |
| | (E) سیّدعابد حُسین |

(ب) دیے گیے متبادلات میں سے صحیح متبادل پسند کر کے خالی جگہ پُر کیجیے۔ [4]

5. جس کہانی میں زندگی کی سچّائی کا بیان ہو اُسے __________ کہتے ہیں۔ [1]

(سوانح، افسانہ، ڈرامہ)

6. بابا نے مایا کو پتھر کے ایک کوزنے میں ______ رکھتے دیکھا۔ [1]

(دودھ، دہی، مکھن)

7. گاندھی جی نے معافی کی درخواست کے لئے ________ لکھا۔ [1]

(اعتراف نامہ، عہد نامہ، بیع نامہ)

8. ماں بی بی مرنے سے چند گھنٹے پہلے ________ کا شربت سرسیّد کو پلا رہی تھیں۔ [1]

(لیموں کا، روح افزا کا، فالسے کا)

(ج) مندرجۂ ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔ [2]

9. چکبستؔ کے کلام کی سب سے بڑی خصوصیت کیا ہے؟ [1]

10. نوکر آقا کے علاج کے لیے حکیم صاحب کے ساتھ اور کن لوگوں کو لایا؟ [1]

(د) مندرجۂ ذیل سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [4]

11. موتی نگر کی وادی میں داخل ہوتے ہی مسافروں کا مزاج کیوں بدل گیا؟ [2]

12. رام سیائے مل کے دروازے پر سپاہی آئے تو اس نے کیوں کہا کہ میرے پاس امان کا پروانہ ہے؟ [2]

13. مخلوط زبان سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔ [2]

(ذ) مندرجۂ ذیل سوالوں کے جواب آٹھ دس جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [6]

14. 'عورت کا دِل محبت کا سمندر ہوتا ہے' مصنف نے یہ بات کیوں کہی ہے؟ [3]

15. 'انسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر جلد پڑتا ہے'۔ واضح کیجیے۔ [3]

16. سرسیّد کے نانا کے یہاں دسترخوان کے آداب کیا تھے؟ [3]

## SECTION - B

## حصّہ - ب (نظم)

سوال 2۔ (الف) مناسب جوڑیاں بنائیے۔ [4]

| (الف) | (ب) |
|---|---|
| 17. سوداؔ | (A) آندھی |
| 18. ذوقؔ | (B) آلامِ روزگار کو آساں بنادیا |
| 19. اقبالؔ | (C) لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے |
| 20. کیفیؔ اعظمی | (D) بہار بے سپر جام و یار گزرے ہے |
| | (E) حقیقتِ حُسن |

(ب) دیے ہوئے متبادلات میں سے صحیح متبادل پسند کر کے خالی جگہ پُر کیجیے۔ [4]

21. ________ نے دِل کے تقاضے اُٹھائے ہیں کیا کیا۔ [1]

(غضب، عجب، ادب)

22. ہئیت کے اعتبار سے نظم کی ________ قِسمیں ہوسکتی ہیں۔ [1]

(تین، چار، پانچ)

23. ڈاکٹر اقبال ________ شہر میں پیدا ہوئے۔ [1]

(لاہور، سیالکوٹ، کراچی)

24. مذہب دیتا ہے ________ کا پیام [1]

(صلح جوئی، لڑائی، جنگ)

(ج) مندرجۂ ذیل سوالوں کے جواب ایک جملے میں لکھیے۔ [2]

25. حُسن نے خدا سے کیا سوال کیا ہے؟ [1]

26. یاسؔ کی غزل کے حوالے سے بتائیے کہ شاعر کو کس فریب نے مارا؟ [1]

(د) مندرجۂ ذیل سوالوں کے جواب تین چار جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [4]

27. شاعر نے دل کو نرالی بستی کیوں کہا ہے؟ [2]

28. ''میں وہ نہیں کہ کوئی مجھ سے مِل کے ہو بدنام' سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟ [2]

29. 'کامیاب دید اور محروم دید' کی وضاحت کیجیے۔ [2]

(ز) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب آٹھ۔دس جملوں میں لکھیے۔ (کوئی دو) [6]

30. ''خیموں کا ایک جنگل دیکھا'' اس مصرعے میں شاعر نے کس منظر کی عکاّسی کی ہے؟ [3]

31. شاعر نے دیہاتی بازار کی منظر کشی کس طرح کی ہے؟ [3]

32. پردیس میں وطن سے آنے والے شخص سے شاعر بے تاب ہو کر کیا پوچھتا ہے؟ [3]

## SECTION - C

## حِصّہ ۔ ج (قواعد)

سوال 3۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جواب ہدایت کے مطابق دیجیے۔ [20]

33. مندرجہ ذیل صحیح تلفظ والے الفاظ تلاش کیجیے۔ [1]

(A) جندہ (B) مرتج (C) غجب (D) دوزخ

34. مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مرکب الفاظ پہچانیے۔ [1]

(A) پسندیدہ (B) امراض (C) آبِ زم زم (D) افسانہ

35. مندرجہ ذیل الفاظ میں سے صفتِ ذاتی پہچانیے۔ [1]

(A) ٹھنڈی ہوا (B) دوآم (C) محبت (D) دولت

36. مندرجۂ ذیل میں سے مترادِف الفاظ پہچانیے۔ [1]

(A) شب وروز (B) قدر و قیمت (C) عالم گیر (D) بادام پستہ

37. مندرجۂ ذیل الفاظ میں سے اسمِ کیفیت پہچانیے۔ [1]

(A) عقلمند (B) صلاحیت (C) بے ادب (D) انسان

38. مندرجۂ ذیل الفاظ میں سے مصدر پہچانیے۔ [1]

(A) نفرت (B) کتاب (C) قلم (D) کھیلنا

39. دیے گئے الفاظ ''جنگ'' کا متضاد کیا ہوگا؟ [1]

(A) امن (B) دوستی (C) محبت (D) بھلائی

40. احمد کتاب پڑھتا ہے۔(اِس جملے میں فاعل کیا ہوگا؟) [1]

(A) کتاب (B) احمد (C) پڑھتا (D) ہے

41. مندرجۂ ذیل میں سے سابقے لاحقے والے الفاظ الگ کیجیے۔(کوئی دو) [1]

دولت مند، لازوال، خطاوار، پُرسکون

42. مندرجۂ ذیل غیر معیاری الفاظ کے معیاری الفاظ لکھیے۔ [1]

← گزرے ہے، جیوں تیوں

43. محاورے کا معانی بتا کر جملے میں استعمال کیجیے۔ [1]

← جان میں جان آنا

44. کہاوت کا مطلب لکھیے۔ [1]

← 'مچھلی کی جائے کو تیرنا کون سکھائے'

45. مجموعۂ الفاظ کے لئے ایک جامع لفظ دیجیے۔ [1]

← کسی پیر، بزرگ یا صوفی کے رہنے اور عبادت کرنے کی جگہ

46. مندرجۂ ذیل الفاظ کی واحد جمع بنائیے۔ [1]

← حقوق، کتاب

47. مندرجۂ ذیل خط کشیدہ الفاظ کی اِسم پہچانیے۔ [1]

← پرندوں کا <u>جھنڈ</u> اُڑ رہا تھا۔

48. مندرجۂ ذیل خط کشیدہ الفاظ کی اسمِ ضمیر کی قسم پہچانیے۔ [1]

← جاوید دہم جماعت میں پڑھتا ہے۔ وہ آج نہیں آیا۔

49. مندرجۂ ذیل جملے کی قسم پہچانیے۔ [1]

← اندھیرے سے میری روح فنا ہوتی تھی۔

50. مندرجۂ ذیل اشعار کی صنعت پہچانیے۔ (کوئی ایک) [1]

(1) لائی حیات آئے قضا لے چلی چلے
اپنی خوشی نہ آئے نہ اپنی خوشی چلے

(2) بہار، بے سپر جام و یار گزرے ہے
نسیم تیری چھاتی کے پار گزرے ہے

51. مندرجۂ ذیل مرکب الفاظ کی ترکیب واضح کیجیے۔ [1]

← دلکش، روح فرسا

52. مندرجۂ ذیل جملے کی ترتیب دُرست کیجیے۔ [1]

← بڑی اہمیت اور قدر و قیمت انتخاب ہے رکھتا لفظ کا ادیب اور شاعر کے لیے

## SECTION - D

## حصّہ ۔ د (فہمائش رمضمون نویسی)

سوال 4۔(الف) مندرجۂ ذیل اشعار کی تشریح تقریباً 15 جملوں میں لکھیے ۔ (کوئی ایک) [4]

53. کم ہوں گے اس بساط پہ ہم جیسے بدقمار
جو چال ہم چلے سو نہایت بُری چلے

یا

دوپہر، بازارِ دُکاں، گاؤں کی خلقت کا شور
خون کی پیاسی شعاعیں روح فرسا لُو کا زور

(ب) 54. آپ کی اسکول میں منائے گئے 'یومِ مدرس' کا احوال تقریباً 100 لفظوں میں لکھیے ۔ [4]

(ج) 55. مندرجۂ ذیل دیے گیے اقتباس کا ایک تہائی 1/3 حصّے میں اختصار کیجیے۔ [4]

← اخلاق کا سب سے مقدم پہلو یہ ہے کہ انسان جس کام کو اختیار کرے اس پر اس قدر استقلال کے ساتھ قائم رہے گویا وہ اس کی فطرتِ ثانیہ بن جائے۔ انسان کے سوا دنیا کی تمام مخلوقات صرف ایک ہی قسم کا کام کر سکتی ہے۔ آفتاب صرف روشنی بخشتا ہے۔ اس سے تاریکی کا صدور نہیں ہوسکتا، رات تاریکی

ہی پھیلاتی ہے، وہ روشنی کی علّت نہیں، درخت اپنے موسم میں ہی پھلتے ہیں اور پھل پھول ایامِ بہار ہی میں پھولتے ہیں۔ حیوانات کا ایک ایک فرد اپنی نوعِ افعال واخلاق سے ایک سر مو تجاوز نہیں کر سکتا۔ لیکن انسان خدا کی طرف سے مختار پیدا ہوا ہے، وہ آفتاب بھی ہے اور رات کی تاریکی بھی، اس کے جوہر کا درخت ہر موسم میں پھلتا ہے اور اُس کے اخلاق کے پھول ایامِ بہار کے پابند نہیں۔ وہ حیوانات کی طرح کسی ایک ہی خاص قسم کے اعمال واخلاق پر مجبور نہیں، اس کو اختیار دیا گیا ہے اور اختیار اس کے مکلّف اور ذمّہ دار ہونے کا راز ہے۔

(د) مندرجۂ ذیل عنوانات میں سے کسی بھی ایک عنوان پر دیے گئے نکات کی مدد سے تقریباً 250 لفظوں پر مشتمل ایک مضمون لکھیے۔ [8]

56. 1. 'کورونا' ایک بین الاقوامی وباء

نکات: متعدد امراض کے نام۔ زندگی میں پہلی مرتبہ جان لیوا مرض کا سامنا۔ اپنے عزیز و اقارب کا اِس مرض میں مبتلہ پانا۔ جان بحق ہوتے دیکھنا۔ پوری دنیا کا اس مرض کالپیٹ میں آجانا۔ مرض کی ابتداء۔ دنیا کے حالات۔ ملک کے سماجی، معاشی، تہذیبی اور سیاسی حالات۔ تعلیم کے شعبوں کا متاثر ہونا۔ موجودہ صورتِ حال۔

2. چوری ایک بُری عادت ہے

نکات: چوری کی اِبتدا کرنا۔ چوری کی عادت۔ مختلف قسم کی چوری۔ چور کی زندگی۔ خاندان والوں پر اُس کا اثر۔ سماج میں اُس کی حیثیت۔ چوری اور مذہبِ اسلام۔ بڑا گناہ۔ نتائج

3. حبِّ وطن

نکات: وطن سے محبت کا جذبہ۔ جاں نثار کر دینے کا جذبہ۔ وطن کے ہر شئے سے محبت کا اظہار۔ وطن سے وفاداری۔ وطن کی ترقی کے لئے کوشاں۔ وطن کی امن وسلامتی کے لئے ہر ممکن کوشش۔

☆☆☆